خادم حسین

زبان میری ہے بات اُن کی

×----- رات کی تاریکی میں ایم پی اے نے غریب مزدوروں کے مکان مسمار کر کے زمین پر قبضہ کر لیا۔ (ایک خبر)

جمہوریت اور اس کے سوا کیا ہے؟

×----- وزیر اعظم نے "شام" باغ میں گزاری (ایک خبر)

تم لیکلے تو یوں باغ میں جایا نہ کرو۔

×----- رقص ہمارے فائن آرٹس کا حصہ ہے یہ جسم کی عریانی نہیں، جسم کی شاعری کا نام ہے (احمد ندیم قاسمی)

وہ بوالہوس کے جنہیں جرأت گناہ نہیں　　ادب میں ڈھونڈ رہے ہیں علاج تشنہ لبی

×----- صدر نے بولنا شروع کیا۔ بے نظیر نے "نو نو" کرا دی۔ قائد حزب اختلاف اور ان کے ساتھیوں نے مسلسل "شمیم شمیم" کے نعرے لگائے (ایک خبر)

تیز مرچ اور تیز عورت سے اللہ بچائے!

×----- پنجاب بھر میں یکم جنوری سے سرکاری بھرتی پر پابندی ختم ہو جائے گی (ایک خبر)

مسم لیگیوں کی پانچوں گھی میں اور سر کڑاہی میں۔

×----- عوام نے آئی جے آئی کو اسلامی نظام اور پاکیزہ معاشرہ کے قیام کے لئے ووٹ دیا تھا لیکن ریڈیو، ٹی وی اور اخبارات بے حیائی پھیلا رہے ہیں (تنظیم اساتذہ)

کس نے کہا تھا اعتبار کرو؟ آئی جے آئی کا "اسلام" تو پھر یہی کچھ ہے۔

×----- "بی بی" اور "پی پی" دونوں شرافت کی حد میں رہیں (جام صادق)

جام صاحب! آئینہ ایام میں آپ اپنی ادا دیکھ۔

×----- انسانی حقوق کے نعرے محض آوارہ قہقہے ہیں۔ بچوں کی اسمگلنگ میں امیگریشن کا عملہ ملوث ہے (انصار برنی)

برنی صاحب! مچھلی نہیں جل گندا ہے۔

×----- شیطانی کتاب کا مصنف اپنے خفیہ ٹھکانے سے نکل کر منظر عام پر آ گیا ہے۔ (ایک خبر)

کوثر نیازی کی تلاش میں!

×----- اسلام آباد کی ایک تقریب میں چودھری شجاعت حسین نے اومان کے سفیر کی اہلیہ سے ہاتھ ملایا (ایک خبر)

×۔۔۔۔ بے نظیر سردار شوکت حیات کے گلے لگ کر زارو قطار روئی (دوسری خبر)

ایک ہے مرغی ایک ہے چوزہ
ایک اچنبھا، ایک عجوزہ
ایک گڈریا، ایک مچھندر
ایک عروسہ، ایک سکندر

×۔۔۔۔ ڈاکٹر آپریشن کے بعد قینچی پیٹ میں بھول گیا (ایک خبر)

کسی کو دیکھ کے ڈاکٹر کے ایسے ہوش اڑے
کہ قینچی پیٹ میں ڈالی کپاس جیبوں میں

×۔۔۔۔ آئندہ انتخابات میں خواتین کی صلاحیتوں سے بھی استفادہ کیا جائے گا۔ (بیگم نسیم ولی خاں)

انڈرویئر چوری کرنے کے صحیح طریقے بتائے جائیں گے۔

×۔۔۔۔ ایران کو امریکہ سے فوجی حملے کا خطرہ ہے (احمد خمینی)

وچوں وچوں کھائی جا اتوں رولا پائی جا

×۔۔۔۔ جمہوریت کا نرم و نازک پودا حکومت کے ہاتھوں میں مرجھا رہا ہے (نوابزادہ نصر اللہ خاں)

اور حقہ آپ کے منہ میں بڑبڑا رہا ہے۔ لعنت بر پدر فرنگ!

×۔۔۔۔ جن کا اپنا دامن اور عزت محفوظ نہیں وہ وینا حیات کے غم گسار بن کر مگرمچھ کے آنسو بہا رہے ہیں (غلام دستگیر خاں)

وینا حیات "کلاس کیس" ہے۔ "زنا کیس" نہیں!

پاکستان کے جاگیردار روزانہ سینکڑوں عزتیں نیلام کرتے ہیں اور کوئی پوچھتا نہیں؟

×۔۔۔۔ طیارہ میرے بیٹے نے نہیں۔ جنرل ضیاء الحق نے ہائیجیک کرایا تھا (نصرت بھٹو)

مکھی، مچھر، استری ۔۔۔۔۔۔ تینے ذات کذات

×۔۔۔۔ بے نظیر نے ایوان کا تقدس پامال کیا اور نصر اللہ خان نے سیاسی اخلاق کا "جلوس نکالا" (ایک خبر)

بھتیجی اندر دھونی دھکائی۔ تائے نے باہر حقہ بکھایا۔

×۔۔۔۔ قبر کے عذاب سے خوف آتا ہے۔ مجھے نذر آتش کر دیا جائے (عصمت چغتائی کی وصیت)

ن۔م راشد، عصمت چغتائی ۔۔۔۔۔۔ جیسا بھائی ویسی بائی!

×۔۔۔۔ ایوان میں ڈرامہ ہوا۔ بے نظیر نے لڑنے والی لڑکی کا کردار ادا کیا (غلام احمد بلور)

لاؤ کانے کی بلائے ناگہاں کا ایچ پیچ شیشہ مے ناب بر لب دُختِ رز دلفگار

×۔۔۔۔ ایس پی کی قیادت میں پولیس پارٹی نے برسٹ مار کر دو بے گناہ شہری ڈھیر کر دیئے۔

پولیس نے لاشیں بھی چھین لیں۔ مظاہرہ کرنے پر لاٹھی چارج۔ پولیس کی لاٹھیاں لاشوں پر بھی برستی رہیں۔ (ایک خبر)

×----- شجاع آباد (پولیس کی درندگی۔ نوجوان عورتوں کو ننگا کر کے تشدد کرتے رہے (دوسری خبر)

×----- غنڈوں کا، پولیس کے تعاون سے ظلم! تین سالہ بچی کو زمین پر پٹخ کر مار ڈالا (تیسری خبر)

×----- ملتان میں فحاشی کے اڈے سے تھانیدار سمیت ۹ بدکار گرفتار، شراب کی بوتلیں برآمد، وی سی آر پر ننگی فلمیں دیکھنے والے مرد اور عورتیں بھی پکڑی گئیں (چوتھی خبر)

قہر خدا ہو ملک کی پولیس پہ خادم!
پہ پُلسیوں کے روپ میں آفت ہے دوستو

● ——— ملکہ ہانس میں ہارنے والے امیدوار کا لڑکا جیتنے والے امیدوار کی لڑکی لے بھاگا۔ (ایک خبر)
یہ ہے الیکشن جیتنے کا "صحیح طریقہ"

جیتوں تو تجھے پاؤں، ہاروں تو پیا تیری

طلوعِ سحر

جانشینِ امیرِ شریعت سید ابو معاویہ ابوذر بخاری مدظلہ کی گذشتہ پچیس برسوں میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور سیرت ازواج واصحابِ رسول علیہم الرضوان کے موضوع پر ہونے والی تقاریر کی جلد اوّل **طلوعِ سحر** کے نام سے معاویہ پبلیکیشنز کے زیر اہتمام شائع ہوگئی ہے، خوبصورت ٹائٹل اور کمپیوٹر کتابت سے مزین۔

۵۲۸ صفحات سیرت و تاریخ کے اہم موضوعات پر سیر حاصل خطبات۔

علماء، طلباء اور عامۃ الناس کے لئے یکساں افادیت کی حامل ایک بیش قیمت دینی پیشکش۔

قیمت: ۱۸۰ روپے

رابطہ کے لئے: معاویہ پبلیکیشنز، ۲۳۲ کوٹ تغلق شاہ ملتان۔
بخاری اکیڈمی، دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان۔

آپ کے عطیات: محاسبۂ مرزائیت و رافضیت کی جدوجہد کو تیز تر کرنے کے لئے اپنی زکوٰۃ، صدقات اور عطیات اپنی جماعت مجلسِ احرارِ اسلام کو دیجئے

بذریعہ منی آرڈر: سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی، ملتان

بذریعہ بنک ڈرافٹ یا چیک: اکاؤنٹ نمبر ۲۹۹۳۲ حبیب بنک حسین آگاہی۔ ملتان